

Barne-, ungdoms- og familiedirektoratet

# اچھی پرورش سب بچوں کا حق ہے

فعلی قابلیت رکھنے والے بچوں کے خاندان کے لیے رسالہ






آپ کے لئے سب سے ضروری بات اور ہمارے لئے، اور وہ یہ ہے کہ آپ کا خاندان ٹھیک ہے۔ آپ ہم سے کچھ بھی پوچھ سکتے ہیں - ہم یہاں آپ کی مدد کے لئے ہیں!

مفید رابطے:

Bufdir.no
Helsedirektoratet.no
Nav.no

Barne-, ungdoms- og familiedirektoratet



**انتظامی کارروائی / طریقہ کار**

سرکاری اداروں کے مجاز افراد کا فرض ہے کہ وہ حقوق اور درخواست دینے کے طریقہ کار سے متعلق معلومات فراہم کریں۔ انہیں لوگوں کو صحیح ادارے کا حوالہ دینا چاہیے اور جہاں ضروری ہو، درخواست پُر کرنے میں مدد کرنی چاہیے۔ فیصلے کے خط میں وصول کنندہ کو یہ مشورہ دیا جائے کہ فیصلے پر اپیل کی جا سکتی ہے، اور اپیل کی مقررہ حد اور اپیل کے طریقہ کار بیان کئے جائیں۔ اگر آپ کی خواہش ہو تو، جس دفتر نے آپ کی درخواست سے انکار کیا ہے وہ آپ کی اپیل لکھنے میں مدد کرسکتا ہے۔

**سماجی نیٹ ورک / والدین کے گروہ**

اپنی صورتحال جیسے والدین سے ملنا اکثر مددگار ثابت ہوتا ہے۔ مخصوص دلچسپی کے ایسے گروہ موجود ہیں جو بالخصوص فعلی معذوری کے شکار افراد کی مدد کے لئے کام کرتے ہیں. یہ گروہ اکثر والدین کے لئے ورکشاپس اور سیمینار کی پیشکش کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، بفدیر (Bufdir) ایک کورس کرواتا ہے جسے "Hva med oss" (ہ مارے متعلق کیا؟ ) کہتے ہیں. یہ ورکشاپ ان والدین کے لئے ہے جن کے بچے کم فعلی قابلیت رکھتے ہیں.

**اچھی پرورش سب بچوں کا حق ہے: کھیلنا، سیکھنا اور معاشرے کا حصہ بننا۔ بچوں کی مختلف ضروریات ہوتی ہیں، اور سب بچے منفرد ہیں۔ کچھ بچے نابینا ہیں۔ کچھ سماعت سے محروم ہیں۔ کچھ جسمانی معذوری کا شکار ہیں، جب کہ کچھ ذہنی طور پر معذور ہیں۔ کچھ سماجی یا نفسیاتی چیلنج کا سامنا کرتے ہیں ۔ جب کہ کچھ متواتر بیماری کے ساتھ زندہ رہتے ہیں۔ ایک بچے کی تمام تر ضروریات کو جانچنا چاہیے کہ آیا بچہ یا بچی اور اس کے والدین مخصوص سہارے، معاونت اور مدد کے مستحق ہیں۔**

### حقوق

ایک بچے کو وہ خدمات حاصل کرنے کا حق ہے جو اس کی ضروریات کے لئے موزوں ہوں۔ ان خدمات کا اطلاق کنڈرگارٹن اور درسگاہوں، یا ہسپتالوں، گھروں اور فرصت کی سرگرمیوں کو آسان بنانے پر ہو سکتا ہے۔ بچوں اور ان کے والدین کے حقوق ہیں جن سے وہ بہت سی مختلف وجوہات کی بنا پر بے خبر ہو سکتے ہیں۔ بہت سی عوامی ایجنسیاں آپ کو ان حقوق کے بارے میں رہنمائی فراہم کر سکتی ہیں۔

### سند یافتہ مترجم

آپ اس زبان میں معلومات لینے کے مستحق ہیں جو آپ سمجھتے ہیں۔ آپ کو صحت کی سہولیات، کنڈرگارٹن کے عملہ، اسکولوں کے ملازمین یا NAV یا صحت اور فلاح و بہبود کی خدمات سے رابطہ کرتے وقت مترجم کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ کسی بھی خاندان کو ان خدمات سے رابطہ کرتے وقت ایک سند یافتہ مترجم کی خدمات حاصل کرنے کا حق ہے۔ مترجم کا کام ہے کہ وہ آپ اور آپ کے خاندان کے لئے اس بات کو آسان بنائے کہ ان خدمات دینے والے ملازمین کی کیا پیشکش ہے اور ان ملازمین کےلئے آسان بنائے کہ وہ آپ کو اور آپ کے خاندان کو سمجھ سکیں۔

### انفرادی منصوبہ بندی اور رابطہ کار

وہ بچے جنہیں طویل المیعاد مربوط صحت کی سہولیات اور دوسری خدمات کی ضرورت ہوتی ہے ان کو ایک انفرادی منصوبہ بندی ("individuell plan") کی پیشکش کی جائے گی جس سے بچے کی مخصوص ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ اس تجویز کا مقصد ایک مکمل، مربوط اور منفرد خدمات کا سیٹ فراہم کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ایک پیشہ ور پر ہر وقت اتباع کرنے اور رابطے کی مرکزی ذمہ داری رہے۔ اس انفرادی منصوبے کی خاکہ بندی والدین کی رضامندی کے بغیر نہیں کی جائے گی۔ جہاں طویل المیعاد اور مربوط خدمات کی ضرورت ہوئی تو بلدیہ کے لیے ضروری ہے کہ خاندان کو ایک رابطہ کار("kordinator") کی پیشکش کرے چاہے مریض یا صارف انفرادی منصوبہ لینے سے انکارکرے۔




### معاون آلات

آپ کا بچہ معاون آلات ("hjelpemidler") کا بھی مستحق ہو سکتا ہے۔ یہ آپ کے بچے کی سماجی ہم آہنگی اور ذاتی نشوونما میں مدد دینے کے لئے بنائے گئے ہیں۔ یہ آلات تربیت، تحریک، شرکت اور کھیل کے لئے بھی ضروری ہو سکتے ہیں۔

### وقفہ برائے نگہداشت اسکیم

وقفہ برائے نگہداشت اسکیم ("avlastningstiltak") ایسے افراد کے لئے ہے جو اس شخص کا خاص خیال رکھیں جسے نگہداشت کی بہت زیادہ ضرورت ہو۔ اس کا مقصد نگہداشت کرنے والے کو آرام مہیا کرنا ہے۔ وقفہ برائے نگہداشت مخصوص دنوں میں چند گھنٹوں یا چوبیس گھنٹے کی مدت پر محیط ہو سکتا ہے. اسے ممکنہ حد تک خاندان کی خواہشات کے مطابق تشکیل دینا چاہیے. وقفہ برائے نگہداشت کا اطلاق ہونا چاہیے اور بلدیہ اپنا فیصلہ لینے سے پہلے جزئیات اور مواد کا جائزہ لے گی۔

### معاون شخص

معاون شخص ("støttekontakt") وہ فرد ہے جسے بلدیہ کسی دوسرے شخص کو سماجی زندگی سے لطف اندوز ہونے اور با معنی فارغ وقت گزارنے میں مدد دینے کی تنخواہ دیتی ہے۔ ان سرگرمیوں میں گھروں میں جانا، فرد کو کیفے/ قہوہ خانےلے جانا، سنیما، کنسرٹس، کھیلوں کی تقریبات یا دوسری سماجی سرگرمیاں شامل ہو سکتی ہیں۔

### صارف کے ماتحت ذاتی معاونت (BPA)

آپ عملی معاونت کے مستحق ہو سکتے ہیں، کسی معاون زندگی سے مدد اور / یا نام نہاد صارف کے ماتحت ذاتی معاونت کے ذریعے منظم معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔ ("brukerstyrt personlig assistent"- BPA). بی پی اے کا مقصد ان لوگوں کو ایک فعال اور آزاد زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرنا ہے جنہیں معاونت کی ضرورت ہے۔ مقصد صارف کو جہاں تک ممکن ہو فعال اور آزاد زندگی کے حصول کے لئے خود مختار کرنا ہے۔ صارف کا مہیا کردہ معاونت پر کنٹرول اس اسکیم کی بنیاد ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ صارف اپنی یا اپنے معاون کی نگرانی کرتا ہے، ہدایات دیتا ہے اور فیصلہ کرتا ہے کہ کہاں، کب اورکون سا مقررہ کام معاون کو انجام دینا ہے۔ اس میں معاون کی تربیت و رہنمائی کہ مدد کیسے دینی چاہیئے اور کام کا جدول ترتیب دینا اور ان خدمات سے متعلق دوسرے معاملات پر توجہ دینا بھی شامل ہے۔ کم سن بچے خود ذاتی معاونت کا انتظام نہیں کر سکیں گے اور ان کی طرف سے والدین (یا نگران ) کی نمائندگی ہونی ضروری ہے۔

### معاشی معاوضہ

فعلی معذوری یا متواتر بیماری بہت سے والدین کے لئے اضافی مصارف لاتی ہے۔والدین NAV کے وظائف کے منصوبوں میں سے کسی ایک یا پھر بلدیہ کی طرف سے معاشی سہارے کےمستحق ہو سکتے ہیں۔ کمائی ہوئی آمدنی کے نقصان کی تلافی کے لئے، کام کرنے والے والدین نگہداشت کے فوائد کے مستحق ہیں۔ قومی بیمہ منصوبے معذور بچوں کے والدین کی بنیادی فوائد کے منصوبوں یا نگہداشت کے منصوبوں کے ذریعے تلافی کریں گے۔

آپ کے لئے دستیاب فوائد ہیں:

- بنیادی فوائد
- ذیلی فوائد
- اضافی ذیلی فوائد
- نگہداشت کے فوائد
- حاضری الاؤنس
- تربیتی الاؤنس
- اگر والدین، نگران یا رشتہ دار خاص طور پر نگہداشت کا کڑا کام سر انجام دیں، وہ بلدیہ میں نگہداشت کی اجرت (omsorgslønn). کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔